**Grow Safe (Private) Limited**
*Pakistan's Leading Training, Consultancy and Compliance Solutions provider*
growsafehse.com

**Ref:** GSPL/PR/25/02/24
**Date:** 02/08/2025

**NTN:** 4662393 | **STRN:** S4662393-2
**GST:** 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

**پریس ریلیز**

صحت، حفاظت اور ماحولیات

**گروسیف، سیلیکون ٹیکنالوجیز کا آئی ٹی، اے آئی کے لیے اشتراک**

گروسیف اور سیلیکون ٹیکنالوجیز نے ملکی کارپوریٹ اور صنعتی شعبوں میں صحت، حفاظت اور ماحولیات کے اعلیٰ معیارات کے حصول کے لیے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے استعمال کے حوالے سے ایک کلیدی معاہدے پر دستخط کردیے ہیں۔

اس اسٹراٹیجک معاہدے کا مقصد مقامی صنعتوں کو اے آئی کے ذریعے سے حفاظت کے نظام اور ٹیکنالوجی کے جدید ترین بزنس ماڈلز سے لیس کرنا اور قانونی و سماجی کمپلائنس کی توقعات کو پورا کرنا ہے۔

اس خودکار، ہمہ وقت نگراں اور ذہین ترین انتظام کے ذریعے سے پہلے سے کہیں بہتر، چست اور طویل المدتی مقامی صنعتی ماحول مطلوب ہے۔

سیلیکون ٹیکنالوجیز کے کراچی میں واقع ہیڈ آفس میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب کے انعقاد کے موقع پر ادارے کے سربراہ، مبین الحق نے جدید ڈیٹا سینٹرز میں آگ سے حفاظت اور ممکنہ حادثات سے بچاؤ کا نظام وضع کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

ان کا کہنا تھا کہ صحت، حفاظت اور ماحولیات اور آئی ٹی کے جدید انفرااسٹرکچر کا انضمام آپریشنل فروغ اور قوت کا باعث ہوگا۔

اس موقع پر سربراہ گروسیف، سعد عبدالوہاب نے کہا، "یہ اشتراک موجودہ صنعتی عوامل کو جدت دے گا۔ صحت، حفاظت اور ماحولیات کے شعبے میں مصنوعی ذہانت اور خودکاریت کو متعارف کرانے کے ذریعے ہم ملکی اداروں میں کام کی پیشرفت کی بہتر معلومات اور رسائی، اور اونرشپ جیسے اہداف رکھتے ہیں۔

انھوں نے امید ظاہر کی کہ مذکورہ اقدامات ڈجیٹل انقلاب اور حفاظت کے مضبوط انتظام کی طرف ایک بڑا سنگِ میل ثابت ہوں گے۔

تقریب میں سیلیکون ٹیکنالوجیز کے سربراہ کے علاوہ اسٹاف کے دیگر ارکان، بشمول چیف بزنس آفیسر، نمیر ظہیر، مینیجر ڈیٹا سینٹر اور پاور، سلمان رضا خان، اور کارپوریٹ ٹیم کے ارکان بھی موجود تھے، جبکہ گروسیف کی نمائندگی ڈائریکٹر ایچ آر، سیلز اور مارکیٹنگ، حمدان صدیقی، جنرل مینیجر ٹیکنیکل اور انسپیکشن، عثمان داؤد باری، ہیڈ آف انٹرنیشنل ٹریننگ، سرٹیفیکیشن، شایان احمد، اور ہیڈ آف فائر سیفٹی زبیر منہاس نے کی۔

سیلیکون ٹیکنالوجیز پاکستان کے صفِ اول کے اداروں میں سے ایک، اور ٹیکنالوجی کے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ مضبوط تعلق کی بنا پر آئی ٹی، ,صنعتی خودکاریت، اور مصنوعی ذہانت کے انضمام کی بڑھتی ہوئی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

دوسری جانب، گروسیف صحت، حفاظت و ماحولیات کے شعبے میں تربیت، آڈٹس، سرٹیفیکیشن، اور صنعتی حفاظت کی مشاورت کے حوالے سے نامور اور مینوفیکچرنگ، تعمیرات، توانائی اور ادویات سمیت دیگر شعبوں میں خدمات فراہم کررہا ہے۔

معاہدے سے پاکستان کی صنعتوں اور آئی ٹی کے منظرنامے میں ٹیکنالوجی کے ذریعے حفاظت اور کمپلائنس کے موثر نظام کی توقع کی جارہی ہے۔

**Thankfully,**

**Hassan Siddiqui**
**Manager, Corporate Media**

MEDIA DEPARTMENT GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED

**Grow Safe (Private) Limited**
*Together, we can grow safe*